| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1-4 | | Rediness Programme | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنیٹ |
| | 5-6 | حمد | • نظم کوترنم کے ساتھ پڑھ کرفہم حاصل کریں گے۔<br>• عاجزی وانکساری کے ساتھ اللہ سے دعا کرنے کی عادت پیدا ہوگی۔<br>• نظم کے خلاصے کو سمجھیں گے۔<br>• نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• اللہ تعالیٰ کے مختلف ناموں سے واقف ہوں گے۔<br>• مستقل کلمہ اور غیر مستقل کلمہ سے متلعق معلومات حاصل کریں گے۔ | • طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے طلباء کو سبق کی جانب آمادہ کریں گے۔<br>• حمد کو خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائیں گے۔<br>• حمد کے معنی بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی بیان کریں گے۔<br>• دعا کی اہمیت اور دعا کے فائدے بتایا جائے۔ | • نظم کو خوش الحانی کے ساتھ سیکھیں گے۔<br>• حمد کے معنی کو سمجھیں گے۔<br>• اللہ تعالی کی عظمت اور کبریائی کا فہم حاصل کریں گے۔<br>• اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی سے متعلق فہم حاصل کریں گے<br>• مستقل کلمہ اور غیر مستقل کلمہ کی تعریف معہ مثالیں اپنی بیاضوں میں درج کریں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے اخبارات میں شائع شدہ ''حمدیہ نظمیں'' جمع کر کے دیواری رسالہ پر چسپاں کرنے کو کہا جائے۔<br>• کمرۂ جماعت میں حمد کو خوش الحانی سے پڑھوائیں۔<br>• نظم میں موجود مشکل الفاظ کو گروہوں میں پڑھوائیں۔ | • حمد ونعت کا مجموعہ<br>• اردو کی دیگر درسی کتابوں میں موجود حمدیہ نظمیں | Youtube اور diksha app |
| | 7-8 | حضرت ابوبکر صدیقؓ | • خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی شخصیت اور دین اسلام کے تئیں آپ کی قربانیوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• حضور اکرم ؐ پر حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ایثار اور عشق سے متعلق فہم حاصل کریں گے۔<br>• حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صداقت سے واقف ہوں گے۔<br>• خلفائے راشدین کے زندگی کے حالات جانیں گے۔<br>• فعل ، فاعل اور مفعول سے متعلق آگہی حاصل کریں گے۔ | • خلیفہ اور خلافت سے متعلق بتایا جائے۔<br>• حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی صداقت اور ایمانداری کے بارے میں بتایا جائے۔<br>• آپ کی مبارک زندگی سے متعلق بتایا جائے۔<br>• مذہب اسلام کے فروغ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی قربانیوں سے متعلق معلوم کریا جائے۔ | • خلفائے راشدین کی مبارک زندگی کا فہم حاصل کریں گے۔<br>• سبق کو روانی کے ساتھ پڑھنا سیکھیں گے۔<br>• حضرت ابوبکرؓ کی صداقت ،ایثار ،امانت داری اور سچائی کو سن کر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔<br>• دوسروں کے ساتھ بہتر سلوک کے جذبہ کا محرکہ پیدا کریں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی سیرت پر تقاریر کروائیں۔<br>• خلفائے راشدین کے حالات زندگی سے متعلق معلومات اکٹھا کرنے کے لیے کہا جائے۔<br>• سبق کے کلیدی الفاظ کے معنی گروہوں میں پڑھوائیں۔<br>• فروغ اسلام میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی قربانیں کے متعلق بحث کروائیں۔ | • خلفائے راشدین کے حالات زندگی سے متعلق کتابیں۔<br>• تاریخ الخلفاء'' | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| | | چچا چھکن کی عینک (optional) | • طنز ومزاح کسے کہتے ہیں واقف ہوں گے۔<br>• طنز ومزاح کے پردے میں مصنف نے جو نصیحت کی ہے اس کا فہم حاصل کریں گے۔<br>• طنز ومزاح سے لطف اندوز ہوں گے۔<br>• طنز ومزاح کے ذوق کو فروغ دیں گے۔<br>• زبان شناسی کے تحت فعل لازم اور فعل متعدی سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔<br>• سید امتیاز علی تاج کے تصانیف کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ | • طلباء میں طنز و مزاح کی خصوصیت کو ابھاریں۔<br>• مزاحیہ واقعے اور لطیفوں کو سنائیں۔<br>• کرداروں کی اداکاری کے طریقے سکھائیں گے۔<br>• مشکل الفاظ کو تختہ سیارہ پر لکھ کر ان کے معنی بتلائیں۔<br>• فعل لازم اور فعل متعدی سے متعلق طلباء کو واقف کرائیں۔ | • طنز ومزاح کیا ہے، طلباء معلوم کریں گے۔<br>• مزاحیہ واقعے اور لطیفے از خود سنائیں گے۔<br>• کرداروں کے مطابق اداکاری کریں گے۔<br>• مشکل الفاظ کے معنی معلوم کرتے ہوئے جملوں میں استعمال کریں گے۔ | • اخبارات سے چند لطیفے اکٹھا کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں گے۔<br>• گروہوں میں تقسیم ہوکر اپنے پسندیدہ لطیفے یا مزاحیہ واقعات کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔ | • سید امتیاز علی تاج کی مجموعہ مضامین ''چچا چھکن'' | Youtube اور diksha app |
| | | | | | | | | |
| | 9–10 | روٹی نامہ (نظم) | • صنف نظم سے آگہی حاصل کریں گے۔<br>• روٹی کی اہمیت وضرورت سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔<br>• طلباء اس بات سے واقف ہوں گے کہ روٹی ہر امیر وغریب کے لیے ضروری ہے۔<br>• مختلف اجناس کے نام دیگر زبانوں میں لکھ سکیں گے۔<br>• نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری سے متعلق واقف ہوں گے۔ | • نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔<br>• طلباء میں روٹی کی اہمیت و ضرورت کو بتلائیں۔<br>• طلباء کو املا اور اعراب سے متعلق معلوم کراتے ہوئے تختہ سیاہ پر لکھیں۔<br>• نظم میں استعمال کیے گئے تشبیہ و استعاروں کا نجی زندگی میں استعمال کرنا سکھائیں۔ | • نظم کو روانی کے ساتھ بامعنی پڑھنا سیکھیں گے۔<br>• نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• بھوک کی حالت میں روٹی کی اہمیت کا احساس اپنے دلوں میں پیدا کریں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی جملوں میں استعمال کرتے ہوئے املا و اعراب کے ساتھ اپنی کاپیوں میں درج کریں گے۔ | • طلباء کو دو گروپ میں تقسیم کرتے ہوئے نظیر اکبرآبادی کی مشہور نظموں کو اکٹھا کروائیں<br>• ہماری زندگی میں رزق کی اہمیت پر بحث کروائیں۔<br>• مطالعہ کیے گئے نکات کو اپنے الفاظ میں بیان کروائیں۔ | • نظیر اکبر آبادی کا مجموعہ کلام 'کلیاتِ نظیر' | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| | 11 | محمود اور ایاز (سرسری مطالعہ) | • سبق پڑھ کر لطف اندوز ہوں گے۔<br>• طلباء میں مطالعہ کا ذوق فروغ پائے گا۔<br>• ایاز کی دانائی کی ستائش کریں گے۔<br>• بروقت دانائی کے استعمال سے ہونے والے فوائد جانیں گے۔<br>• کہانی کے کرداروں سے واقف ہوں گے۔ | • عقل مندی اور دانائی سے متعلق حکایات کو بتائیں۔<br>• سبق کو روانی کے ساتھ پڑھیں<br>• کہانی کے کرداروں سے طلباء کو واقف کرائیں۔<br>• کہانی کے تئیں طلباء میں دلچسپی پیدا کریں۔ | • سبق پڑھ کر اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• مطالعہ کا ذوق فروغ پائے گا۔<br>• رموز واوقاف کا استعمال کرتے ہوئے سبق پڑھیں گے۔<br>• ایاز کی دانائی کو سمجھتے ہوئے بروقت دانائی کے فوائد معلوم کریں۔ | • محمود اور ایاز کی دانائی کو اپنے الفاظ میں بتائیں گے۔<br>• سبق کے کرداروں کی فہرست بنائیں گے اور مختلف کرداروں کو پیش کریں گے۔<br>• دانائی اور عقل مندی پر مبنی واقعات اکٹھا کریں گے۔ | • کتب خانے میں موجود کہانیوں کی مختلف کتابیں۔ | Youtube اور diksha app |
| .8 | 12–13 | چاند اور تارے | • نظم کو روانی کے ساتھ پڑھیں گے۔<br>• شاعر محمد اقبال کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• طلباء اس بات سے واقف ہوں گے کہ صحیح سمت میں مسلسل محنت کامیابی کی ضامن ہے۔<br>• اس بات سے واقف ہوں گے کہ حرکت ہی میں برکت ہے۔<br>• کام کرنے سے ہونے والے فوائد جانیں گے۔<br>• زبان شناسی کے تحت صنعت تضاد کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• محاوروں، تشبیہ و استعارات سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ | • نظم کو بآواز بلند خوش الحانی کے ساتھ پڑھا جائے۔<br>• قدرتی مناظر کے تئیں طلباء میں دلچسپی پیدا کیا جائے۔<br>• شاعر اس نظم کے ذریعہ جو پیغام دینا چاہتا ہے، اس سے متعلق بتایا جائے<br>• نظم میں درج شدہ محاوروں اور تشبیہ و استعارات تختہ سیاہ پر لکھ کر ان کے استعمالات بتائیں۔<br>• صنعت تضاد کا مفہوم سمجھاتے ہوئے تختہ سیاہ پر لکھیں۔ | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھنا سیکھیں گے۔<br>• قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہوئے اس پر نوٹ لکھیں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی فرہنگ سے تلاش کر کے اپنی بیاضوں میں درج کریں گے۔<br>• صنعت تضاد کا مفہوم سمجھتے ہوئے اپنی کاپیوں میں درج کریں گے اور مثالیں دیں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے قدرتی مناظر پر لکھی گئی نظموں کو اکٹھا کروائیں۔<br>• طلباء کو دو گروپ (چاند اور تارے) میں تقسیم کرتے ہوئے مکالموں کے ذریعہ اداکاری کروائیں۔<br>• علامہ اقبال کی لکھی گئی نظموں کو یکجا کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں گے۔ | • علامہ اقبال کے شعری مجموعے بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم اور ارمغان حجاز وغیرہ۔ | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل: معلم | مشاغل: طلباء | مشاغل: گروہی | وسائل: طبعی | وسائل: انٹرنٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .11 | 14 | ایک خط | • خطوط نویسی کے طریقے سمجھیں گے۔<br>• آزادی سے قبل ملک کے سماجی اور سیاسی حالات سے آگہی حاصل کریں گے۔<br>• ہیون سانگ کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• علم سیکھنے اور سکھانے کے فوائد جانیں گے۔<br>• فعل ماضی اور فعل متعلق کو مثالوں کے ذریعہ سمجھیں گے۔ | • خطوط نویسی کیا ہے، اس کے فوائد بتلائیں۔<br>• خطوط نویسی کے اجزائے ترکیبی بتلائیں۔<br>• آزادی کے مجاہدین کی جانثاری کے واقعات بتلائیں۔<br>• فعل کی اقسام کو مثالوں کے ذریعہ تختہ سیاہ پر لکھیں۔ | • سبق کو روانی کے ساتھ پڑھیں گے۔<br>• خطوط نویسی کا فہم حاصل کریں گے۔<br>• آزادی سے پہلے کے سیاسی اور سماجی حالات معلوم کریں گے<br>• سبق کے مشقوں کو از خود انجام دیا جائے۔ | • جدوجہد آزادی میں حصہ لینے والے مجاہدین پر مضمون قلمبند کروایا جائے۔<br>• اخباروں سے مجاہد آزادی کے تصاویر کو اکٹھا کرتے ہوئے البم تیار کرنے کے لیے کہا جائے۔<br>• غالب اور دیگر رہنماؤں کے خطوط اکٹھا کیا جائے۔ | • پنڈت جواہر لعل نہرو کے خطوط کا مجموعہ 'باپ کے خط بیٹی کے نام' | Youtube اور diksha app |
| | | | | | | | | |
| .13 | 17–18 | رباعیات | • صنف رباعی کا مطلب و معنی جانیں گے۔<br>• رباعی گو شعراء سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔<br>• حرام رزق کھانے سے ہونے والے نقصانات جانیں گے۔<br>• محتاجوں اور ضرورت مندوں کی حاجتوں کو پورا کرنے کا جذبہ پیدا کریں گے۔<br>• طلباء اس بات سے واقف ہوں گے کہ خدا کے جلوے ہر جگہ موجود ہیں۔<br>• قدرتی نظاروں کی تعریف کرنے کے قابل ہوں گے۔<br>• فعل ماضی کے اقسام سے واقف ہوں گے۔ | • صنف رباعی کا تعارف کروائیں۔<br>• رباعی گو شعراء سے متعلق معلومات فراہم کریں۔<br>• امجد حیدرآبادی کی رباعی نگاری پر روشنی ڈالیں۔<br>• رباعی میں درج شدہ الفاظ و معنی کو تختہ سیاہ پر لکھتے ہوئے اس کا استعمال سمجھائیں۔<br>• فعل ماضی کو مثالوں کے ساتھ سمجھائیں۔ | • طلباء رباعیات سے لطف اندوز ہوتے ہوئے رباعی کا مفہوم جانیں گے۔<br>• رباعی کے تئیں اپنے اندر دلچسپی پیدا کریں گے۔<br>• رباعی کی بحروں کے متعلق فہم حاصل کریں گے۔<br>• محتاجوں اور ضرورت مندوں کی حاجتوں کو پورا کرنے کا جذبہ پیدا کریں گے۔<br>• فعل ماضی کے اقسام کو سمجھ کر نوٹ بک میں درج کریں گے۔ | • طلباء کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ایک گروپ سے رباعی میں موجود ایک لفظ کہنے اور دوسرے گروپ کو اس رباعی کو پڑھنے کے لیے کہا جائے۔<br>• انیس اور امجد کی رباعیوں کو اکٹھا کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے<br>• مختلف شعراء کی رباعیوں کو یکجا کرنے کو کہا جائے۔ | • سید احمد حسین امجد حیدرآبادی کے شعری مجموعے 'ریاض امجد، رباعیات امجد، خرقہ امجد، کلیات امجد' | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| .14 | | گپ بازی کی سزا (سرسری مطالعہ) (Optional) | • گپ بازی سے ہونے والے نقصانات سے واقف ہوں گے۔<br>• سبق کو رموز و اوقاف کا لحاظ رکھتے ہوئے روانی سے پڑھیں گے۔<br>• عصمت چغتائی کی طرز تحریر سے واقف ہوں گے<br>• سبق کے سوالوں کے جواب لکھیں گے۔<br>• آئس لینڈ سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔<br>• آئس لینڈ میں دستیاب غذائی اشیاء سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ | • گپ بازی سے ہونے والے مضر اثرات سے روشناس کروائیں۔<br>• سبق کو روانی کے ساتھ پڑھیں<br>• کہانی کے تئیں طلباء میں دلچسپی پیدا کریں۔<br>• عصمت چغتائی سے متعلق معلومات فراہم کریں۔<br>• طلباء میں مطالعہ کے ذوق کو فروغ دیں۔ | • گپ بازوں کے مزاج سے واقف ہوں گے۔<br>• سبق کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔<br>• سبق کو روانی کے ساتھ پڑھیں گے۔<br>• گپ بازی سے ہونے والے نقصانات کو بیان کریں گے۔<br>• طلباء میں مطالعہ کی عادت فروغ پائے گی۔ | • طلباء کو دو گروپس میں تقسیم کرتے ہوئے کہانی کو اپنے الفاظ میں کہنے کے لیے کہا جائے۔<br>• گپ بازی کے نقصان دہ اثرات پر بحث و مباحثہ کروایا جائے۔<br>• جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کے تحت بحث کروائیں۔ | • عصمت چغتائی کے تصانیف | Youtube اور diksha app |
| .15 | 19–20 | گزرا ہوا زمانہ | • لڑکپن اور جوانی کی اہمیت کو جانیں گے۔<br>• غفلت کی زندگی سے بیدار ہو کر ہر ایک لمحہ کو قیمتی جانتے ہوئے زندگی گزاریں گے۔<br>• سرسید احمد خاں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• سرسید احمد خان کی طرز تحریر کو جانیں گے۔<br>• فعل حال کی قسموں سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ | • سبق کو روانی سے پڑھیں گے۔<br>• غفلت کی زندگی سے ہوانے والے نقصانات اور زندگی کے مختلف مدارج سے طلباء کو روشناس کروائیں گے۔<br>• سبق کے مرکزی خیال کو سمجھیں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی اور فعل حال کی قسموں کو مع مثالیں تختہ سیاہ پر درج کریں گے۔<br>• وقت کی قدر و قیمت بتائیں گے | • سبق کو روانی سے پڑھ کر سبق کا مفہوم سمجھیں گے۔<br>• غفلت کی زندگی سے ہونے والے نقصانات کو سمجھیں گے۔<br>• زندگی کو غنیمت جانتے ہوئے وقت کی قدر کرنا سیکھیں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی اور فعل حال کی قسموں سے متعلق معلومات حاصل کرتے ہوئے اپنے بیاضوں میں درج کریں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے سرسید احمد خاں کی شخصیت کے متعلق معلومات جمع کرکے دیواری رسالے پر چسپاں کرنے کے لیے کہیں۔<br>• ''زندگی کی اہمیت'' سے متعلق تحریری مقابل رکھے جائیں۔<br>• 'وقت کی قدر' عنوان پر تحریری و تقریری مقابلے منعقد کریں۔ | • سرسید احمد خاں کے تصانیف<br>آثار الصنادید، اسباب بغاوت ہند، خطبات احمدیہ رسالہ تہذیب الاخلاق | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| .16 | | رات اور ریل (Optional) | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھیں گے اور اشعار کی تشریح کریں گے۔<br>• رات کے وقت ریل کے گزرنے والے منظر کی ستائش کریں گے۔<br>• شاعر کے مرکزی خیال کا فہم حاصل کریں گے۔<br>• ریل کو کن کن چیزوں سے تشبیہ دی گئی ہے معلوم کریں گے۔<br>• مختلف الفاظ کو خوبصورت انداز میں استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔<br>• فعل مستقبل کے بارے میں جانیں گے۔ | • نظم کو خوش الحانی اور بلند آواز میں پڑھ کر سنائیں گے۔<br>• نئے اور مشکل الفاظ کے معنی تختہ سیاہ پر درج کریں۔<br>• ریل سے کی گئی تشبیہات سے روشناس کرائیں۔<br>• شاعر اسرار الحق کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔<br>• زبان شناسی کے قواعد کو سمجھا کر تختہ سیاہ پر درج کریں گے۔ | • نظم کو ترنم سے پڑھیں گے اور شاعر کے انداز بیان کو سمجھیں گے۔<br>• اسرار الحق کے پیغام کو سمجھتے ہوئے اشعار کے مطلب کو اپنی کاپیوں میں درج کریں گے۔<br>• نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• فعل مستقبل کے بارے میں فہم حاصل کرتے ہوئے مثالیں دیں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے قریبی ریلوے اسٹیشن سے گزرنے والی ریل گاڑیوں کے تفصیلات اکٹھا کرنے کے لیے کہا جائے۔<br>• ریل سے متعلق کوئی ایک نظم لکھنے کے ترغیب دی جائے۔ | • اسرار الحق کی تصنیف 'فرہنگ' | Youtube اور diksha app |
| .17 | 21–22 | ابو خاں کی بکری | • آزادی کے فائدے اور بزدلی کے نقصانات سے متعلق فہم حاصل کریں گے۔<br>• مصنف ڈاکٹر ذاکر حسین کی زندگی کے حالات سے روشناس ہوں گے۔<br>• مصنف کی طرز تحریر سے واقف ہوں گے۔<br>• طلباء اس بات سے واقف ہوں گے کہ غلامی کی زندگی سے آزادی کی زندگی بہتر ہے۔<br>• فعل کی قسموں سے واقفیت حاصل کریں گے۔ | • سبق کو روانی کے ساتھ پڑھیں<br>• آزادی کی اہمیت کو بتائیں۔<br>• ہمت کے ساتھ انجام دیے جانے والے کاموں سے ہونے والے فوائد بتایا جائے۔<br>• بزدلی کے نقصانات کو بتایا جائے<br>• بکری اور بھیڑیے کے خصوصیات بتائیں۔<br>• فعل کی قسموں کو مثالوں کے ساتھ سمجھاتے ہوئے تختہ سیاہ پر لکھیں۔ | • سبق پڑھ کر نئے الفاظ کے معنی معلوم کریں گے۔<br>• مصنف کے زندگی کے حالات معلوم کریں گے۔<br>• آزادی کی اہمیت سے واقف ہوں گے۔<br>• فعل کی قسموں کا فہم حاصل کرتے ہوئے اپنی کاپیوں میں درج کریں گے۔<br>• بکری کی ہمت سے محرکہ حاصل کریں گے۔ | • طلباء کو گروہوں میں تقسیم کرتے ہوئے بھیڑیا اور بکری سے متعلق کہانیوں کو اخبارات اور رسائل سے اکٹھا کرنے کے لیے کہا جائے۔<br>• ''جان بچے لاکھوں پائے''۔ اسی طرح جان سے شروع ہونے والے محاوروں کو لغت سے اکٹھا کرنے کے لیے کہا جائے۔ | • ڈاکٹر ذاکر حسین کی تصانیف ''آؤ گھر گھر کھیلیں'' | Youtube اور diksha app |
| | | | | | | | | |
| | | | | | | | | |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| .20 | 23-24 | ہاتھوں کا ترانہ | • نظم کو خوش الحانی سے پڑھیں گے اور نظم کا خلاصہ لکھیں گے۔<br>• نظم کے مرکزی خیال سے واقف ہوں گے۔<br>• مزدوروں کی اہمیت کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• شاعر علی سردار جعفری کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• فعل کی قسموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھیں گے اور طلباء کو نظم کے تئیں متحرک کریں گے۔<br>• نئے الفاظ کو تختہ سیاہ پر لکھ کر ان کی وضاحت کریں گے۔<br>• محنت کی اہمیت مزدوروں کی قدر کیا ہوتی ہے طلباء کو بتائیں۔<br>• فعل کے دو قسموں اور ان کو مثبت سے منفی میں تبدیل کرنے کے طریقہ کار کو سمجھاتے ہوئے تختہ سیاہ پر لکھیں گے۔ | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھیں گے۔<br>• نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• زبان شناسی میں فعل مثبت اور منفی کو تبدیل کرنے کا طریقہ سیکھیں گے۔<br>• تختہ سیاہ پر درج شدہ مواد کو بیاضوں میں نوٹ کریں گے۔ | • مزدوروں کے موجودہ حالات پر ایک نوٹ لکھنے کو کہیں۔<br>• مختلف شعبوں میں کام کرنے والے اشخاص کا ایک چارٹ کمرۂ جماعت میں آویزاں کرنے کو کہا جائے۔<br>• روز مرہ زندگی میں محنت سے ہونے والے فوائد سے متعلق بحث کروائیں۔ | • جگر مراد آبادی کے شعری مجموعے داغِ جگر، مشعل طور، آتش گل۔ | Youtube اور diksha app |
| .21 | | کابلی والا (سرسری مطالعہ) (Optional) | • رابندرا ناتھ ٹیگور کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔<br>• سرسری مطالعہ کے سبق سے طلباء میں مطالعہ کا ذوق پیدا ہوگا۔<br>• طلباء میں خاموش خوانی اور وسیع مطالعہ کرنے کی عادت فروغ پائے گی۔ | • سبق کو معلم بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں گے۔<br>• کابلی والے کے کردار سے متعلق طلباء کو بتائیں گے۔<br>• کہانی کے کرداروں سے واقف کرائیں گے۔<br>• رابندرا ناتھ ٹیگور سے متعلق بتائیں گے۔<br>• انسان دوستی، محبت اور رواداری سے متعلق بتائیں گے۔ | • سبق کو فہم کے ساتھ بلند آواز سے پڑھنا۔<br>• سبق میں موجود مشکل الفاظ کے معنی تلاش کرنا۔<br>• سیکھے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کرنا۔<br>• مصنف سے متعلق فہم حاصل کریں گے۔ | • معلم کی مدد سے لائبریری کی کتابوں کا مطالعہ کرنا۔<br>• پڑھی ہوئی معلومات کو از خود بتانے کے لیے کہا جائے۔ | • رابندرا ناتھ ٹیگور کے تصانیف۔<br>• لائبریری کے کتب | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل: معلم | مشاغل: طلباء | مشاغل: گروہی | وسائل: طبعی | وسائل: انٹرنٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .22 | 25-26 | ورقیہ | • ورقیہ کا مطلب جانیں گے۔<br>• ورقیہ اور خط میں فرق معلوم کریں گے۔<br>• ورقیہ کی ضرورت اور اہمیت کو جانیں گے۔<br>• سب سے پہلے ورقیوں کی طباعت کا آغاز کہاں ہوا؟ اور ہندوستان میں اس کا استعمال کب سے ہوا معلوم کریں گے۔<br>• ماضی کے اور موجودہ دور کے ورقیوں میں فرق جانیں گے۔<br>• ورقیوں کی تیاری میں کن کن باتوں کا لحاظ رکھا جائے معلوم کریں گے۔<br>• متکلم، مخاطب اور غائب سے واقف ہوں گے۔ | • ورقیہ سے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔<br>• ورقیہ اور خط کے درمیان فرق بتائیں گے۔<br>• ورقیہ بنانے کے اصول سمجھائیں گے۔<br>• ایک تمثیلی ورقیہ بنا کر طلباء کو بتائیں گے۔<br>• حقوق اطفال سے روشناس کروائیں گے۔ | • ورقیہ بنانے کے اصول وضوابط معلوم کرتے ہوئے ایک ورقیہ تیار کریں گے۔<br>• ورقیہ از خود بنانا سیکھیں گے۔<br>• حقوق اطفال سے واقف ہوں گے اور بچوں کے حقوق کے بارے میں نعرے تیار کریں گے۔<br>• زبان شناسی سے حاضر، متکلم اور غائب کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہوئے بیاضوں میں درج کریں گے۔ | • طلباء کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے 'بچوں کے حقوق' اور 'قانون حق تعلیم' پر نعرے لکھوائیں۔<br>• اخبارات میں شائع شدہ چند ورقیوں کو اکٹھا کر کے البم تیار کرنے کے لیے کہا جائے۔<br>• قواعد میں متکلم، مخاطب اور غائب کی صحیح مفاہمت کے لیے مکالمے بنانے کے لیے کہا جائے۔ | • اخبارات اور رسائل | Youtube اور diksha app |
| .23 | 27-28 | علم کی تلاش (سرسری مطالعہ) | • علم کی اہمیت سے واقف ہوں گے۔<br>• سرسری مطالعہ کے سبق سے طلباء میں مطالعہ کا ذوق پیدا ہوگا۔<br>• طلباء میں خاموش خوانی اور وسیع مطالعہ کرنے کی عادت فروغ پائے گی۔<br>• کہانی کے کرداروں سے واقفیت حاصل کریں گے۔ | • سبق کو معلم بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں گے۔<br>• علم کی اہمیت اور اس کی قدر کو بتایا جائے۔<br>• زبان کے سیکھنے میں مطالعہ کی اہمیت کو بتایا جائے۔ | • سبق کو فہم کے ساتھ بلند آواز سے پڑھنا۔<br>• سبق میں موجود مشکل الفاظ کے معنی تلاش کرنا۔<br>• سیکھے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کرنا۔<br>• کہانیوں کو از خود بولنا۔<br>• علم کی اہمیت پر مضمون لکھیں گے۔ | • معلم کی مدد سے لائبریری کی کتابوں کا مطالعہ کرنا۔<br>• پڑھی ہوئی معلومات کو از خود بتانے کے لیے کہا جائے۔ | • لائبریری کے کتب | Youtube اور diksha app |
| .24 | | | | | | | | |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل: معلم | مشاغل: طلباء | مشاغل: گروہی | وسائل: طبعی | وسائل: انٹرنٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .25 | | دال کی فریاد (Optional) | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھیں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی فرہنگ میں تلاش کریں گے۔<br>• نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• شاعری کی ایک صنف 'نظ' سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔<br>• آپ بیتی کا مطلب جانیں گے۔<br>• طلباء اس بات کو جانیں گے کہ دنیا میں کوئی چیز کمتر نہیں ہوتی اور مشکلات سے گزر کر ہی آدمی انسان بنتا ہے۔ | • نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھیں گے<br>• منظوم کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی کو فرہنگ میں ڈھونڈنے کی ترغیب دیں گے<br>• نظم میں استعمال کیے گئے مترادف الفاظ کو تختہ سیاہ پر لکھیں گے۔<br>• فعل امر اور فعل نہی سے متعلق معلومات فراہم کریں۔ | • نظم کو روانی کے ساتھ پڑھ کر فہم حاصل کریں گے۔<br>• نئے الفاظ کے معنی اپنی بیاضوں میں درج کریں گے۔<br>• نظم دال کی فریاد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں گے۔<br>• سبق میں دیے گئے مشقوں کو از خود حل کریں گے۔<br>• زبان شناسی سے فعل امر کی قسموں کا فہم حاصل کرتے ہوئے بیاضوں میں درج کریں گے۔ | • طلباء سے دال کی فریاد کو اپنے الفاظ میں بتانے کے لیے کہا جائے۔<br>• مٹی سے منہ تک کے سفر کو گروہوں میں بحث و مباحثہ کروائیں۔<br>• دانہ خاک میں مل کر گلِ گلزار ہوتا ہے، کے تحت بحث کروائیں۔ | • اسماعیل میرٹھی اور اقبال کی نظمیں۔<br>• کتب خانے میں موجود نظموں کی کتابیں | Youtube اور diksha app |
| .26 | 30 | | اعادہ - تشکیلی جانچ - 4 | | | | | |
| .27 | | لاٹری کا ٹکٹ (Optional) | • اردو ادب میں ڈرامہ نگاری اور مکالمہ نگاری سے متعلق فہم حاصل کریں گے۔<br>• بغیر محنت کے خیالی پلاؤ پکانے سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں جانیں گے۔<br>• ڈرامہ کے مختلف کرداروں سے واقف ہوں گے اور اداکاری کا جذبہ فروغ پائے گا۔<br>• محاوروں کو روزمرہ زندگی میں استعمال کرنے کے قابل بنیں گے۔<br>• مزاحیہ عنوانات لکھنے یا شگوفے لکھنے کا شوق پیدا ہوگا۔ | • فن ڈرامہ کے بارے میں معلومات فراہم کیا جائے۔<br>• مزاح نگار سے متعلق بتایا جائے<br>• اردو زبان و ادب میں طنز و مزاح کی اہمیت پر روشنی ڈالی جائے<br>• خیالی پلاؤ پکانے سے ہونے والے نقصانات بتایا جائے۔<br>• محاوروں کو تختہ سیاہ پر لکھ کر اس کو موقع و محل کے ساتھ استعمال کرنے کو کہا جائے۔ | • طلباء سبق کو روانی سے پڑھتے ہوئے سبق سے لطف اندوز ہوں گے۔<br>• نئے اور مشکل الفاظ کے معنی سمجھ کر بیاضوں میں درج کریں گے۔<br>• سبق میں موجود مشق کو از خود حل کریں گے۔<br>• محاوروں سمجھ کر اپنی کاپیوں میں درج کریں گے۔ | • معلم کی سرپرستی میں کوئی ایک ڈرامہ ترتیب دے کر اسٹیج پر پیش کریں۔<br>• اخبارات یا رسائل سے مزاحیہ ڈراموں کو اکٹھا کر کے مکالموں کی مشق کریں۔ | • شوکت تھانوی کے تصانیف<br>• اخبارات اور رسائل | Youtube اور diksha app |



GSR INFO www.gsrmaths.in

| سلسلہ نشان | ہفتے | سبق | اکتسابی نتائج | مشاغل | | | وسائل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | معلم | طلباء | گروہی | طبعی | انٹرنٹ |
| .28 | 29 | | اعادہ | | | | | |
| .29 | 30-31 | | مجموعی جانچ - 2 | | | | | |
| . | | | | | | | | |



GSR INFO www.gsrmaths.in